احرام کی دعا

احرام کی نیت کرنے سے پہلے حمد وثنا اور تسبیح و تکبیر کہنی چاہیے۔ پھر حج یا عمرہ یا دونوں جس کا ارادہ ہو اس کی نیت لفظوں میں کرے۔ اور لبیک پڑھے۔ لبیک کے صحیح الفاظ یہ ہیں

"لَبَّيْكَ اللَّهُمَّ لَبَّيْكَ، لَبَّيْكَ لاَ شَرِيكَ لَكَ لَبَّيْكَ، إِنَّ الحَمْدَ وَالنِّعْمَةَ لَكَ وَالمُلْكَ، لاَ شَرِيكَ لَكَ "

"میں حاضر ہوں اے اللہ میں حاضر ہوں، میں حاضر ہوں، تیرا کوئی شریک نہیں، بیشک تعریف تیرے لئے ہی ہے اور نعمتیں تیری ہی دی ہوئی ہیں اور ملک تیرا ہی ہے تیرا کوئی شریک نہیں" ۔ (کتب ستہ)